# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

کورس: مطالعہ مذاہب عالم (1902) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) کریڈٹ: 3

## خط برائے طلبہ

عزیز طلبہ! **السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:**

**امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جارہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔**

☆ یونی ورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے،اس سلسلے میں درج ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفانہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی مآخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لئے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لئے عربی فونٹ استعمال کیجئے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیث نبویہ اور املاء کی غلطیاں نا قابل قبول ہیں۔
9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو) میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے)۔

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام
ڈاکٹر حافظ محمد فاروق عبد اللہ
کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

| عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ: |
|---|
| 1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کاعلم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔<br>2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔ |

**کورس: مطالعہ مذاہب عالم(1902)** **سمسٹر: خزاں،2026ء**

**سطح: بی ایس(علوم اسلامیہ)** **کریڈٹ:3**

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDFفارمیٹ)میں LMSپر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر1
## (یونٹ نمبر1-4)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ مطالعہ بین المذاہب سے متعلق قرآنی تعلیمات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مذہب کے آغاز وارتقاء کا الہامی تصور بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ تورات کی کتاب خروج کے احکامات عشرہ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ عیسائی فرقہ پروٹسٹنٹ کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ عقیدہ ختم نبوت قرآن وسنت کی روشنی میں مفصل بیان کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2
## (یونٹ نمبر5-9)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ ہندوؤں کے عقیدہ آواگون کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ بدھ مت کے زوال کی وجوہات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ زرتشت کی مذہبی کتاب "اوستا" کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ کنفیوشس کے احوال زندگی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سکھ مت کے فرقوں کی تفصیل بیان کریں۔ (20)